مسلمانوں کے لیے مشن

مسلمانوں تک رسائی کے لیے مشترکہ ابلاغی مہم

شمالی افریقہ میں عرب عوام کو تعلیمات مقدس سے روشناس کرنے کے لیے "شانہ بشانہ" کے عنوان سے ایک نیا عیسائی عرب پروگرام تیار کیا گیا ہے۔ اس پروگرام کے لیے عرب عالمی مشنریوں، تعلیمات مقدس کی مشنری یونین اور ٹرانس ورلڈ ریڈیو اپنے ادارتی، تکنیکی اور مالی وسائل مجتمع کر رہے ہیں۔ یہ طے کیا گیا ہے کہ ٹرانس ورلڈ ریڈیو اسٹیشن ماؤنٹ کارلو سے ایک نیا نشریہ شروع کیا جائے چھ دن شام کے وقت نصف گھنٹے کے دورانیے پر مشتمل اس پروگرام میں بائیبل کا تصور خدا، تخلیق، انسان اور نجات کے موضوعات کو ایسے طریقے سے پیش کیا جائے گا کہ عرب سامعین اسے بصد شوق قبول کر سکیں۔ اس پروگرام کا آغاز سامعین کے روزمرہ کے مسائل سے ہوگا۔ اس طرح عرب سامعین میں جو لاتعلقی پائی جاتی ہے اس کو ختم کر کے "یسوع مسیح کے لیے مثبت روّیے" کی جانب لے جانے کی طرف مُڑ جائے گا۔

ٹرانس ورلڈ ریڈیو، جو کئی عیسائی تنظیموں کا مشن ریڈیو ہے، مونٹ کارلو سے یورپ کے لیے گذشتہ 30 برسوں سے پروگرام نشر کر رہا ہے، اس کے اسٹیشن ہر ہفتے 80 سے زائد زبانوں میں ایک ہزار گھنٹے سے زیادہ عیسائی پروگرام دنیا بھر میں نشر کر رہے ہیں۔

(رپورٹ ایونجلزم ٹوڈے)

"خیمہ سازا سکیم" کو نئی صورت حال میں بہتر بنانے کی ضرورت

پلس کے ایڈیٹر جم ریپ سم کا تجزیہ ذیل میں شائع کیا جا رہا ہے۔

2 اگست 90ء سے جس منہاج پر ہم بڑھ چڑھ کر کام ہوتا دیکھ رہے ہیں وہ ہے: "مشرقِ وسطیٰ کبھی آج جیسا نہیں رہے گا"۔ ہر آدمی مستقبل کی صورت گری کی وضاحت میں لگا ہوا ہے، اور وہ یہ کہہ کر کہ حالات یکساں نہیں رہیں گے، اپنے آپ کو ہمیشہ محفوظ سمجھ لیتا ہے اس دوران میں جب کہ خارجہ امور تجزیے کے ماہرین مشرق وسطیٰ کے مستقبل کی مختلف کڑیوں کو جوڑنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ عالمی مشنوں سے وابستہ لوگ بھی اپنی مستقبل کی حکمتِ عملیوں کا جائزہ لینے میں مصروف ہیں۔ حقیقت میں نام نہاد "سر بند ممالک" جہاں اسلام کا غلبہ ہے حالیہ برسوں میں پہلے سے زیادہ تخلیقی سوچ کا مرکز بنے ہیں اور یہی ایک بات عالمی مشنوں کی ترجیح میں ایک